نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس

اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات بارے تفصیلی جائزہ لیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات صوبہ میں زرعی انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوں گے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور26نومبر2025 (   ) وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی شعبے کی ترقی کیلئے جاری اقدامات پرعمل درآمد بارے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ عامر شہزاد کنگ، ڈپٹی سیکرٹری زراعت پلاننگ کاشف بشیر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید،نوید عصمت کاہلوں، رانا تجمل سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی شعبے کی ترقی کیلئے جاری اقدامات صوبہ میں زرعی انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوں گے۔انھوں نے متعلقہ افسران کو ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ کسان کارڈ کے تیسرے مرحلہ کے دوران مزید نئے کاشتکاروں کی رجسٹریشن کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ آئندہ مرحلہ کی حکمت عملی میں مزید بہتری لائی جائے۔

صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ گرین ٹریکٹرز کی تقسیم کا عمل 40 اضلاع میں کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے۔کاشتکاروں نے ہائی ٹیک میکانائزیشن سکیم میں بڑی تعداد میں رجسٹریشن کے ذریعے بھرپور دلچسپی ظاہر کی اوراب تک وزیراعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک میکانائزیشن پروگرام کے تحت 2500 سے زائد کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل ہوچکی ہے۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا نوجوان زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کامیابی سے جاری ہے اور 1700 زرعی گریجویٹس محکمہ زراعت پنجاب کے فیلڈ، ایکسٹینشن، ریسرچ اور واٹرمینجمنٹ میں کاشتکاروں کی رہنمائی کے لیے سرگرم عمل ہیں۔انھوں نے کہا کہ رواں برس 1400 کھالہ جات کی لائننگ کے ہدف پر خاطر خواہ پیش رفت جاری ہے۔اس کے علاوہ ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کا منصوبہ کامیابی سے مکمل ہو چکا ہے۔انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ آئندہ سیزن میں کسانوں کو رعایتی قیمت پر مزید جدید مشینری فراہم کی جائے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات پر ٹائم لائنز کے مطابق پیش رفت جاری ہے۔

☆☆☆☆